RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۱	روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ نومبر ۱۸۹۲ء مطابق ۷ جمادی الاول ۱۳۱۰ھ	جلد ۳

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل	
۱	تقرری عہدہ صاحبزادہ میاں نجا خان	۱و۲
۲	استعفاء [illegible] بہادر [illegible]	۲
	احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۳	دربارہ تعمیل احکامات مجریہ	۲
۴	دربارہ ارسال [illegible]	۲
۵	تعیین تاریخ [illegible]	۳
۶	تعیین وقت [illegible]	۳
۷	دربارہ صحت دفعہ ۲۲ [illegible] مطبوعہ گزٹ نمبر ۴۰	۳
	حکم صاحب سکرٹری بہادر	
۸	اضافہ [illegible] محمد عطاء اللہ خان	۳
۹	[illegible]	ضمیمہ
۱۰	نقشہ جات وفات	[illegible]
۱۱	نقشہ نرخ غلہ جات	[illegible]

حکم اجلاس کامل واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

آج نوٹ صاحب سکرٹری بہادر کونسل مورخہ ۱۵ نومبر ۱۸۹۲ء پیش ہو کر تجویز ہوا کہ صاحبزادہ میاں نجا خان کے متعلق کام جواہر خانہ و توشہ خانہ و دیگر مدات ذات خاص کا ہے اور ابتک کوئی خاص نام اونکے عہدہ کا نہیں ہے لہذا تجویز ہوا کہ اونکے عہدہ کا نام (مہتمم ذات خاص) تجویز کیا جاوے آیندہ اسی نام سے اونکا عہدہ تحریرات سرکاری میں مشہور ہو — مثل اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل مرسل ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ کیجاوے —

حکم صاحب سکرٹری بہادر

حسب تجویز اجلاس کامل احکام جاری ہون اور ایک نقل حکم درج گزٹ کیجاوے ۔ ۲۳ نومبر ۱۸۹۲ء

حکم اجلاس ایضاً واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بابو راج بہادر قائم مقام ریو الصدر کا کام اچھا ہے لہذا اونکی تنخواہ اسی روپیہ ماہوار مقرر ہو اور وہ اس عہدہ پر مستقل کئے جاوین ۔

مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو ۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

نقل حکم کونسل بطور سند باس ریو الصدر مرسل ہووے پروانہ بنام بخشی فوج جاری ہووے ۔ ایک نقل مطبع کو مرسل ہووے ازان بعد مثل داخل دفتر ہووے ۔ ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ء

روبکار اجلاس صاحبزادہ وحید الدین صاحب بہادر برسٹر ایٹ لا ممبر صیغہ جوڈیشل واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ء

مقدمہ

تعمیل احکامات مجریہ

بملاحظہ رپورٹ بابو ایلمد عدالت معلوم ہوا کہ بعض عدالتوں سے شرح جوابات احکام مجریہ بہت تراخی سے بعد انقضا کیے آتے ہین جسکی وجہ سے مثلہ متعلقہ بسبب عدم شمول و انتظار جوابات داخل محافظ خانہ نہین ہوتی اور جب حکم تاکیدی طلبی جوابات نافذ ہوتا ہے تو بعد داشت حکم تاکیدی کاغذ مطلوبہ بھیجدیتے ہین ازان بعد بجواب حکم تاکیدی یہ رپورٹ آتی ہے کہ کاغذ مطلوبہ پیشتر بھیجا گیا ۔ یہ امر نہایت نادرست ہے ۔ بمجرد پہونچنے حکم تاکیدی کے کاغذ مطلوبہ ہمراہ آنا چاہیے ویا وجہ توقف لکھنا چاہیے جسکی تعمیل ہونی ہے ۔

احکام مجریہ اگر قابل داشت بطور سند ہون تو اونکی نقل ... مناسب ہے کہ آیندہ جوابات اطلاعی و تعمیلی بھیجنے مین درنگ و تراخی نہو

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا واسطے اطلاع عام و تعمیل کے درج گزٹ ہو ۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ء

مقدمہ

ملاحظہ گوشوارہ جات مقدمات دائرہ و فیصلہ و باقی سہ ماہی دیوانی و فوجداری ہفتہ وار قابل روانگی باجلاس صاحب پریذیڈنٹ بہادر

بملاحظہ گوشوارہ جات مصرحہ بالا معلوم ہوا کہ بعض ہفتہ کے نقشہ جات بعض عدالتوں سے زیادہ دیر مین آتے ہین جسکے سبب سے تیار کرنے گوشوارہ جات مین تراخی اور درنگ ہوتی ہے لہذا ضرور ہے کہ آیندہ سے ہفتہ اول کے نقشہ جات نوین تاریخ اور دوم کے سولہوین تاریخ اور سوم کے چوبیسوین تاریخ اور چہارم کے دوم دوسرے مہینے تک یہان پہونچ جایا کرین اور چونکہ یہ نقشہ جات اجلاس مین بہ کچہری حوالہ نقشہ نویس صدر ہوتے ہین نہین بہی کسیقدر توقف ہوتا ہے مناسب ہے کہ تواریخ مذکورہ بالا تک باس نقشہ نویس صدر براہ راست آیا کرین نقشہ نویس صدر بفور پہونچنے نقشہ جات گوشوارہ مکمل کرکے اجلاس مین پیش کیا کرین ۔

واضح ہے کہ نقشہ جات ہفتہ وار مقدمات و انتخاص و جرائم

دفعہ وار نوحوالات اس حکم سے مستثنے ہین جو براہ راست حسب معمول اجلاس مین پیش ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا واسطے اطلاع و تعمیل عدالتہاے متعلقہ کے درج گزٹ ہو

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ء

جملہ نخاسون کے ٹھیکہ کی میعاد قریب الانقضا ہے لہذا بنابر جملہ نخاسون اور کلہ داغی شہر کے لئے ۴ دسمبر ۱۸۹۲ء وقت بارہ بجے دن کے موعود کیجاتی ہے۔ اور واضح ہو کہ یہ نیلام بمقام میلہ نظیر بعد نیلام دیہات ہوگا۔ بنا بران۔ حکم ہوا کہ

بغرض اعلان یہ روبکار انچارج گزٹ کیواسطے مطبع کو بھیجا جاوے کہ اسی ہفتہ کے گزٹ مین طبع کرا دین۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۶ نومبر ۱۸۹۲ء

ہم نے اپنے اجلاس مین متفرق عرائض سننے کا وقت مقرر کیا ہے یعنی

۱- گیارہ بجے سے بارہ بجے تک تمام متفرق عرضیان پیشکاران اجلاس کے پاس جمع ہو جایا کرینگی۔

۲- ہم اجلاس مین پہونچنے کے ساتھ سب سے پہلے یہی عرضیان سنکر احکام مناسب صادر کرینگے۔

۳- بارہ بجے کے بعد کوئی عرضی بغیر ہماری اجازت خاص کے نہ لیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیجاوے۔ پیشکاران اجلاس مطلع ہو کر تعمیل کرین۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۷ نومبر ۱۸۹۲ء

بملاحظہ گزٹ نمبر ۴۳ مورخہ ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء واضح ہوا کہ حکم دربارہ قطع درختان مین بسطر ۵ صفحہ ۲ بجاے دفعہ (۳۲۶) (۲۲۶) غلطی سے درج ہوئی صحیح دفعہ (۲۲۶) ہے لہذا

حکم ہوا کہ

بطور تصحیح سرکلر مذکور یہ روبکار بھی درج گزٹ کیا جاوے۔ جملہ سررشتہ ہاے متعلقہ آگاہ ہو جاوین۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر

اضافہ

۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

حسب تجویز مرقومہ بوجہ کثرت گشت و گرداوری و مستعدی و جفاکشی عباس خان نائب گرداور صفائی مشاہرہ دار گیارہ روپیہ ماہوار کا ایک روپیہ اضافہ اور محمد عطاء اللہ خان نائب گرداور صفائی مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ ماہوار الاونس بشرط داشت یکہ اسپ یا ٹٹو وغیرہ براے سواری منظور ہوا۔ یکم دسمبر سنہ حال سے عملدرآمد ہوگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہوا روئداد ہذا درج گزٹ ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپلٹی بورڈ تحصیل ٹانڈہ منعقدہ ۵ نومبر ۱۸۹۲ء

منشی محمد غلام رسول خان صاحب صدرنشین کمیٹی

لالہ مصری لعل صاحب نائب سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱- منشی محمد شفیع محمد یعقوب صاحب

۲- لالہ گنگا رام صاحب

۳- حکیم شرافت علی صاحب

غیر ملازمین

۱- حاجی نادر شاہ صاحب

امور تصفیہ طلب

۱- عرضی چھوٹے وغیرہ خاکروبان ظہری یادداشت منشی لیاقت حسین صاحب گرداور حفظان صحت دربارہ اضافہ چار چار آنہ فی کس خاکروب مثل دیگر تحصیلات۔

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صفائی میں چھ خاکروب ہیں منجملہ ان کے دو خاکروب آٹھ آٹھ روپیہ بوجہ کمیٹی ہمیشہ کرپاتے ہیں اور چار خاکروبان کو ماہوار تین پاتے ہیں۔ کام درحقیقت اس قصبہ کا زیادہ ہے اور تحصیلات میں بھی خاکروبان تین تین روپیہ ماہوار پاتے ہیں جسکی تصدیق تحریر گرداور حفظان صحت سے ہوتی ہے ایسی حالت میں ان خاکروبان کے تین تین روپیہ ماہوار ہونا مناسب ہے بنا برترقی خاکروبان مذکورہ رپورٹ اجلاس میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے بھیجی جاوے۔ اور عرضی خاکروبان بھی شامل روئداد کمیٹی کیجاوے۔ صاحب صدرنشین کمیٹی نے اس رائے کو قبول و منظور کیا۔

ملاحظہ ہوا احکام آنے رپورٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲- نوٹ محرر صفائی بمضمون کہ کثر مکانات ٹانڈہ کے	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ عرضی سپرد حاجی نادر شاہ صاحب و پنڈت گنگا رام صاحب ممبران کمیٹی

پشتہ و چبوترہ جدید تیار کرلیتے ہیں اور اسمیں اندیشہ اور نقصان سرکار ہے کہ شاید کسی وقت میں یہ کل ایزادی پشتہ و چبوترہ اپنے مکان میں شامل کرلیں

کی جاوے کہ حسب ضابطہ بھی مجرد ریکے موقع پر جائیں اور تحقیقات حسب ضابطہ کریں کہ آیا یہ پشتہ و چبوترہ جدید ہے یا قدیم اور آہنگران کا کوئی نقصان تو نہیں ہے اور کسقدر اراضی سرکاری ایزاد کرلی ہے بعد تحقیقات کے تمام ممبران کمیٹی اپنی رائے آیندہ کمیٹی میں پیش کریں۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

---

۲ - نوٹ صاحب صدر نشین کمیٹی عندالدریافت بحر صفائی سے معلوم ہوا کہ خاص قصبہ کی روشنی کیواسطے بارہ عدد لالٹین سرکار سے عطا ہوئی تھیں دو برس تک بیکار رہیں اور چندہ کا کچھ انتظام نہ ہو سکا لہذا واپس کردی گئیں اب اسوقت جو فہرست چندہ کیواسطے انتظام تیل وغیرہ کی مرتب کرائی گئی اور کمیٹی میں پیش کیجاتی ہے اگر ممبران کمیٹی کی رائے میں اور یہ فہرست چندہ بھی مناسب ہو تو اجلاس میں صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر کے بابت منظوری اور عطائے بارہ عدد لالٹین رپورٹ کردیجاوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ در حقیقت سرکار سے بارہ عدد لالٹین واسطے انتظام روشنی بازار قصبہ ٹانڈہ عطا ہوئی تھیں اور وہ برابر دو سال تک تحصیل میں رکھی رہیں بوجہ نہ فراہمی ہونے چندہ کے نوبت روشنی کی نہ پہونچی مجبوراً واپس کی گئیں اب اسوقت جو فہرست زر چندہ مرتب کرائی گئی ہے وہ بہت مناسب ہے اسمیں انتظام تیل و نیز ایک ملازم مشاہرہ پر ... لہذا کمیٹی کی بالاتفاق رائے صاحب صدر نشین کمیٹی سے ہے کہ دس عدد لالٹین کے اور نیز بابت منظوری اس رقم چندہ کے اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر میں رپورٹ کیجاوے جسوقت لالٹین آجاوینگی فوراً انتظام روشنی کا کیا جاویگا فہرست چندہ جو مرتب کرائی گئی ہے بہت مناسب ہے۔

ملاحظہ شد بہنگام آنے رپورٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

---

۳ - چھپہ جو قصبہ کے جنگل بھرت وغیرہ میں ضرورت تھی وہ چندہ سے تیار ہو چکے ہیں لیکن مساجد اور چاہات کے چھپہ ہنوز تیار نہیں ہوئے ہیں اور اسمیں بعض بعض مقام پر اسقدر پانی بھر جاتا ہے کہ تمام راستہ میں کیچڑ ہو جاتی ہے اور اسمیں آیندہ روندگان کو تکلیف ہوتی ہے پس چھپہ ہائے مذکورہ بالا اگر کمیٹی کی رائے ہو تو بہ مساجد و چاہات کے چندہ سے تیار کرائے جاویں۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو چھپہ ہائے مساجد و چاہات بھی اس قسم کے ہیں کہ انکا پانی راستہ میں بھکر کیچڑ وغیرہ کرتا ہے آیندہ روندگان کو اس سے تکلیف ہوتی ہے وہ ضرور چندہ سے تیار ہو جاویں حاجی نادر شاہ صاحب و پنڈت گنگا رام صاحب بالاتفاق زر چندہ کی مرتب کرا کے کمیٹی آیندہ میں پیش کریں اور کام چھپہ ہائے کا جو اس قابل ہے وہ بھی ٹھیکہ دار کو کہ جسنے چھپہ ہائے مذکور تیار کیے ہیں اسیوقت لیسے دیدیا جاوے اور اسکو ہدایت ہو کہ کام شروع کردے۔

صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی قبول و منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

مطبوعہ ۲۸ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء جمعہ

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل موتی										تفصیل امراض					[illegible]
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سے دس سال تک		[illegible] سال تک		[illegible] سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
تحصیل حضور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
شاہ آباد	۱۰	۴۱	۵	۱۵	۷۹	۲۳	۲۶	۳۴	۲۳	۰	۵	۲۳	۲۵	۵۴	۵۲	۲۶	۸۵	۰	-	۸۰	۳۱	۱۱۱	//
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
سوار	۲	۲	۱	۳	۱۱	۵	۶	۳	۰	۰	۰	۶	۱	۹	۱	۶	۴	-	-	-	۱۰	۱۰	//
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
ٹانڈہ	۷	۵	۵	۱	۱۸	۱۲	۶	۱۰	۳	۰	۲	۹	۷	۱۹	۱۳	۱۸	۱۳	۰	۰	۰	۳۲	۳۲	//
میزان	۲۹	۳۹	۱۱	۱۹	۱۰۹	۴۰	۴۹	۴۶	۲۹	۰	۸	۳۸	۳۳	۹۵	۴۹	۵۰	۱۰۳	۰	۰	۸۰	۴۳	۱۵۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ نومبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	خاص تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۲۲ ار	۱۳ ار	۱۰۱۳ ار	۰	۰	۱۲ ار	نقشہ سوار اور بلاسپور [illegible] نہیں آیا
نخود خاص	۱۰۱۶ ار	۱۸ ار	۱۰۱۸ ار	۰	[illegible]	۰	
نخود کشمیر	۲۰ ار	۰	۱۵ ار	۰	۰	۱۸ ار	
[illegible]	۱۰۲۰ ار	۱۹ ار	۲۰ ار	۰	۰	۰	
ماش	۱۷ ار	۲۰ ار	۱۵ ار	۰	۰	۱۱ ار	
مونگ	۱۰۱۵ ار	۲۰ ار	۱۳ ار	۰	۰	۱۴ ار	
مکا	۲۲ ار	۱۰۲۲ ار	۲۲ ار	۰	۰	۲۲ ار	
جئی	۰	۱۹ ار	۱۰۲۱ ار	۰	۰	۲۵ ار	
کوجئی	۰	۱۵ ار	۱۰۱۶ ار	۰	-	۱۵ ار	
[illegible]	۲۰ ار	۱۰ ار	۲۰ ار	۰	۰	۲۰ ار	
ارہر	۲۳ ار	۲۳ ار	۲۰ ار	۰	۰	۲۰ ار	
برنج	۱۰۱۱ ار	۱۰۱۲ ار	۱۳ ار	۰	[illegible]	[illegible]	
روغن زرد	[illegible]	[illegible] ار	۱ ار	۰	۰	[illegible] ار	
روغن سیاہ	[illegible] ار	۲ ار		۰	۰	۳ ار	
روغن کنجد	۲ ار	۲ ار	۱۰۱ ار	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبھر	[illegible] ار	-	۹ ار	۰	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	[illegible]	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۱۰ ار	۸ ار	۹ ار	۰	۰	۹ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور